
# ۱۔ تصویر

## ۱۔۱ خط نگاری (ڈوڈل)





## میری سرگرمی


ڈوڈل (خط نگاری) کرتے وقت ہونے والی ہاتھوں اور آنکھوں کی حرکات، چہرے کے تاثرات، منہ سے گنگنانا، ان تمام امور کے سہارے خوب صورت رواں خطوط بنانے میں مدد ملتی ہے۔ من پسند ڈوڈل کرنے دیں اور ان میں سے کچھ حصوں میں رنگ بھرنے کے لیے کہیں۔




## میری سرگرمی

## ۲۔۱ نقطوں سے لطف اندوزی


- شکل




- تصویر



### میری سرگرمی






**نقطوں سے شکل :** کاغذ پر کچھ فاصلے پر بنے دونقطوں کو ایک یا دو لکیروں سے جوڑنے پر نئی شکل بنتی ہے۔ دونقطوں کی طرح ہی تین، چار، پانچ، چھے یا اس سے زیادہ نقطے لے کر بآسانی سادہ شکلیں بنائی جاسکتی ہیں۔ گروہ میں بیٹھ کر بھی بچے اس طرح کی شکلیں بنا سکتے ہیں۔ بننے والی شکلوں میں اپنی پسند کے رنگ بھرنے کے لیے کہیں۔


**نقطوں سے تصویر :** ایک کورے کاغذ پر جتنے چاہے نقطے بنا کر انھیں جوڑ کر کون کون سی شکلیں بنائی جاسکتی ہیں، یہ تلاش کرنے کے لیے کہیں۔ بننے والی تصویر کو اپنی پسند کے رنگ بھرنے کے لیے کہیں۔

## ۳ء۱ لکیروں کا جادو











## میری سرگرمی


دی ہوئی لکیروں کی مشق کرنے سے خوب صورت لکیریں بنانے اور آگے چل کر خوب صورت تصویر بنانے میں مدد ملتی ہے۔ درج بالا لکیروں کی مشق کے لیے پنسل، روغنی کھریا، اسکیچ پین، مارکر پین، قلم وغیرہ استعمال کیا جاسکتا ہے۔

## ۴۔۱ آسان شکلیں




## میری سرگرمی






درج بالا آسان تصویروں کا مشاہدہ کر کے اسی طرح کی کچھ الگ تصویریں بنانے کے لیے کہا جائے۔

## ۵ء۱ ٹھپّے بنانا











### میری سرگرمی



بچے رنگوں سے کھیلنا پسند کرتے ہیں۔ اُنگلی کو رنگ یا سیاہی لگا کر کورے کاغذ پر ٹھپے بنانے کے لیے کہیں۔ ٹھپّوں کی مدد سے انھیں خوب صورت تصویریں بنانے کے لیے کہیں۔ ٹھپّوں کی شکل میں کچھ خاص تصویروں کی شکلیں ڈھونڈنے کے لیے کہیں۔

## ۶ء۱ نقّاشی






## میری سرگرمی

پتے، پھول، دائرے، مثلث، ٹیڑھی میڑھی لکیریں دیکھ کر نقاشی کی جاسکتی ہے۔ یہاں پر درج بالا نقاشی کی تکمیل متوقع ہے۔ 'میری سرگرمی' میں درج بالا مثالوں کے علاوہ نقاشی بنانے کے لیے کہا جاسکتا ہے۔

## ۷ء۱ رنگ بھرنا



## میری سرگرمی



دیے ہوئے غباروں اور پتنگ کی شکل میں اپنی پسند کے مختلف رنگ بھرنے کے لیے کہا جا سکتا ہے۔

## ۱ء۸ خوش خطی

خوب صورت حروف لکھنے کے لیے بچپن سے ہی مشق کرنا ضروری ہے۔ ’حرف‘ ہی لفظوں کی تصویر ہوتے ہیں۔ یہ تصویر لکیر سے بنتی ہے۔ لکیر خوب صورت بن جائے تو حرف خوب صورت بنتا ہے! سیدھی آڑی لکیروں، سیدھی کھڑی لکیروں، ترچھی سیدھی لکیروں، دائروی لکیروں اور نصف دائروی لکیروں کی مناسب مشق کرنے سے خوب صورت حرف بننے میں مدد ملتی ہے۔


## ۹ء۱ میرے دوستوں کی تصویریں




















تصویروں میں غلطی نہ نکالیں۔ تصویر میں اُبھرنے والے جذبات کو سمجھیں کیونکہ یہ تصویریں بچوں کی خود کی بنائی ہوئی ہوتی ہیں۔

# ۱۰ءا میری تصویریں

اوپر کی خالی جگہ میں اپنی پسند کی تصویریں بنانے کے لیے کہیں۔